دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

سہ ماہی امتحانات | ۲۷ اکتوبر کو دارالعلوم کے سہ ماہی تقریری و تحریری امتحانات کا انعقاد ہوا۔ جو ہفتہ بھر جاری رہے امتحانات سے دو روز قبل امتحان کی تیاری کے لئے اسباق بند کر دئے گئے۔ طلبہ ایک ماہ قبل سے امتحانات کی تیاری کے لئے بڑے ذوق و شوق سے مطالعہ تکرار اور قابل رشک محنت میں لگے رہے۔

مسجد، دارالحدیث اور درس گاہیں رات گئے تک محنت تکرار اور حفظ اسباق کا شور و غل ناظرین کے لئے دلکش سماں پیش کرتے تھے۔ امتحان کے دنوں میں طلبہ کو مختلف ہالوں میں بٹھایا گیا۔ انتظامیہ اور دارالعلوم کے اساتذہ نے پوری توجہ سے امتحانات کی نگرانی کی۔ اور اب نتائج پر کام جاری ہے۔ اس سال عنقریب ہر جماعت میں اول، دوم اور سوم آنے والے طلبہ کو انعامات دئے جائیں گے۔ عنقریب انشاء اللہ تقسیم انعامات کا جلسہ ہوگا۔

تبلیغی جماعت | ۳۱ اکتوبر ۲ نومبر کو عالم اسلام کی ہمہ گیر اور عالمی تحریک تبلیغ "تبلیغی جماعت" کا رائے ونڈ میں سالانہ اجتماع ہوا۔ ۳۱ اکتوبر سے دارالعلوم کے اساتذہ اور طلبہ کے قافلے باقاعدہ طور پر جماعتی شکل میں رائے ونڈ کے تبلیغی اجتماع میں شرکت کے لئے روانہ ہوئے۔ یکم نومبر بروز جمعہ مولانا سمیع الحق صاحب اور مولانا انوار الحق صاحب اور کئی اساتذہ کرام کی اجتماع میں شرکت کی غرض سے لاہور کو روانگی ہوئی۔

اس سال بھی حسب سابق اجتماع کی تاریخ سے دو روز قبل اور دو روز بعد ضلع دیر، چترال، سوات اور قریبی اضلاع نوشہرہ اور پشاور کے تبلیغی جماعت کے قافلے در قافلے دارالعلوم رکتے رہے۔ دارالعلوم کی وسیع جامع مسجد کو اپنی تنگ دامنی کا شکوہ رہتا۔ نماز کی کئی کئی جماعتیں ہوتی رہیں۔ مسجد کے مشرقی جانب برآمدے، طلبہ کے ہاسٹلوں کے احاطے اور درسگاہیں اور صحن میں بھی نماز کی جماعتیں ہوتی رہیں۔

دارالعلوم کی انتظامیہ نے بھی مہمانوں کی شرکت اور ہجوم کی وجہ سے ان کی سہولت کے لئے جگہ جگہ روشنی، پانی اور رہنمائی کا انتظام کر دیا تھا۔ اساتذہ اور طلبہ کی بعض جماعتیں اخلاقی طور پر مہمانوں کی رہنمائی کی خدمت انجام دیتی رہیں۔

مدیر الحق کی مصروفیات | ۴ نومبر کو مولانا سمیع الحق صاحب نے پشاور میں موتمر عالم اسلامی کی صوبائی کونسل میں شرکت کی۔ اور خطاب بھی فرمایا۔ اس سے قبل کچھ دیر کے لئے صوبائی وزیر مذہبی امور کی طلب کردہ علماء کی میٹنگ میں